Say, "Indeed my prayer, my rites of sacrifice, my living and my dying are for Allah, Lord of the worlds. No partner has He. And this I have been commanded, and I am the first (among you) of the Muslims." Surah Al-An'aam 6: 162,163

"And they were not commanded except to worship Allah, sincere to Him in religion, inclining to truth, and to establish prayer and to give Zakat. That is the correct Deen." Surah Bayyinah, 98:5. In defining Ikhlaas, Al-Jurjaani – rahimahullaah - said that it is not to seek any audience for your deeds other than Allah. When one looks over the text of the Qur’aan and Sunnah, they will come to the realization that Allah Ta'aala and His Messenger – (ﷺ)– speak about sincerity in different aspects: Sincerity in Tawheed of Allah and sincerity in our intentions. Sincerity in our worship, such as in Salah, Sujood, Fasting, standing in Ramadan, standing in the night of Qadr, sincere love for the Masjid, Zakah, Sadaqah, Hajj, Jihaad, repentance, supplications, recitation of the Qur’aan, and so much more. The Qur'aan and Sunnah speak about sincerity in all our verbal statements, sincerity in our refined and upright Akhlaaq (character), sincerity in our Tawakkul (placing of our

trust) in Allah, and sincerity in all of our actions. Commenting on the verse: He who created death and life to test you (as to) which of you is best in deed, Surah Al-Mulk, 67:2.

A deed must be done both sincerely and correctly-sincerely, as in for the sake of Allah alone; and correctly, as in accordance with the Sunnah."

"So whoever would hope for the meeting with his Lord – let him do righteous work and not associate in the worship of his Lord anyone." Surah al-Kahf, 18: 110.

With Ikhlaas one will be saved from Hellfire and granted a lofty position in Jannah.

Hadith

Imams Bukhari and Muslim reported that the messenger (ﷺ) said: "Three men were on a journey when they were overtaken by a sand storm and therefore they took shelter in a cave. A rock slipped down from the mountain and blocked the entrance and hence nobody could exit from the cave. One of them said: "The only way for deliverance left is to beseech Allah in the name of some virtuous deed."

Thereupon one of them supplicated (made Du'a), "O Lord, my parents were very old, I used to offer them their nightly drink of milk before (infront of) my children and the other members of the family. One day I went astray far away in search of green trees and could return only after my parent had gone to sleep. When I had milked the animals and brought their nightly drink to them. They were fast asleep, but I did not like to disturb them, nor would give any part of the milk to my children and other members of the family till after my parents had their drink. Thus, with the milk vessel in hand, I awaited for their awakening, all night till the flash of dawn, while the children cried out of hunger at my feet. When my parents woke up, they had their drink. O Lord, if I did this thing only to seek your pleasure, then do relieve us of the distress wrought upon us by this rock."

Thereupon, the rock moved a little but that not enough to let them pass out.

Then the second man supplicated (made Du'a): " O Lord, I had a cousin whom I loved her more passionately than anyone who loves a woman. I tried to seduce her but she would have none of me (this is she refused his advances), till in a season of great hardship due to famine, she approached me (for help) and I gave her one hundred and twenty Dinars (gold coins) on condition that she would have sexual intercourse with me. She agreed, and when we got together and I was just going to have intercourse with her, she pleaded: "Fear Allah, and do not break the seal (hymen) unlawfully": whereupon I moved away from her, despite the fact that I desired her most passionately; and I let her keep the money that I had given her. O Lord, if I did this thing seeking only your pleasure, then do move the distress in which we find ourselves."

Again the rock moved a little but not enough to let them pass out.

Then the third supplicated (made Du'a): "O Lord, I hired some laborers and paid

them their dues, but one of them left leaving behind what was due to him. That is he did not take the wages, which were due to him. I invested it (his wages) in business and the business prospered greatly."

After a lapse of some time, the laborer came back and said: "O servant of Allah, hand over to me my wages. I said to him: All that you see is yours: the Camels, the cattle, the goats and the slaves,"

He said: "Don't play joke with me, O servant of Allah"

I assured him: "I am not joking".

So he took all of it sparing nothing. "O Lord, If I did this seeking only for Your pleasure, do relieve us of our distress."

The rock then moved away, and all the three came out of the cave safe and sound."

Greek History

Sincerity is a topic that is not only key to Islam, but it is also a subject that the Western philosophers have pondered for centuries. The English have a saying that goes to the effect of: To hunt with the lantern of Diogenes.

Diogenes was a Cynic Greek philosopher of Sinope, who lived about 320 years before Prophet Isa – alayhis salam. He believed there was no honesty or sincerity – no Ikhlaas – in any human being. To vividly prove his point, he was said to have walked in the streets of Corinth in broad daylight with a lighted lantern looking for a sincere man. From here the English coined the term to hunt with the lantern of Diogenes when speaking of a group of people whose sincerity is extremely absent. Diogenes' father, Icesias, a banker, was convicted of debasing the public coin, and was obliged to leave the country; or, according to another account, his father and he were charged with this offense, and the former was thrown into prison, while the son escaped and went to Athens. Here he attached himself, as a disciple, to Antisthenes, who was at the head of the Cynics.

Renouncing every other object of ambition, he distinguished himself by his contempt of riches and honors and by his invectives against luxury. Diogenes reputedly lived in a barrel and owned nothing but a cloak, a stick, and a bread bag. (So it wasn't easy to steal his happiness from him!) The Cynics believed that people did not need to be concerned about their own health. Even suffering and death should not disturb them. Nor should they let themselves be tormented by concern for other people's woes. He wore a coarse cloak, carried a wallet and a staff, made the porticoes and other public places his habitation, and depended upon casual contributions for his daily bread. He asked a friend to procure him a cell to live in; when there was a delay, he took up abode in a pithos, or large tub, in the Metroum.

It cannot be doubted, however, that Diogenes practiced self-control and a most rigid abstinence -- exposing himself to the utmost extremes of heat and cold and living upon the simplest diet, casually supplied by the hand of charity. In his old age, sailing to Aegina, he was taken by pirates and carried to Crete,

where he was exposed to sale in the public market. When the auctioneer asked him what he could do, he said, "I can govern men; therefore, sell me to one who wants a master." Xeniades, a wealthy Corinthian, happening at that instant to pass by, was struck with the singularity of his reply and purchased him. On their arrival at Corinth, Xeniades gave him his freedom and committed to him the education of his children and the direction of his domestic concerns. Diogenes executed this trust with so much judgment and fidelity that Xeniades used to say that the gods had sent a good genius to his house.

During his residence at Corinth, an interview between him and Alexander is said to have taken place. Plutarch relates that Alexander, when at Corinth, receiving the congratulations of all ranks on being appointed to command the army of the Greeks against the Persians, missed Diogenes among the number, with whose character he was acquainted. Curious to see the one, who exhibited such haughty independence of spirit, Alexander went in search of him and found him sitting in his tub in the sun. "I am Alexander the Great," said the monarch. "And I am Diogenes the Cynic, "replied the philosopher. Alexander then requested that he would inform him what service he could render him. "Stand from between me and the sun," said the Cynic. Alexander, struck with the reply, said to his friends, who were ridiculing the whimsical singularity of the philosopher, " Alexander is reported to have said, "Had I not been Alexander, I should have liked to be Diogenes." As it turned out, both Diogenes and Alexander died on the same day in 323 B.C. Alexander was 33 and Diogenes was 90. Diogenes left behind him no system of philosophy. After the example of his school, he was more attentive to practical than to theoretical wisdom.

Indeed insincerity in our actions is something very dangerous and can lead a person to ruin.

Ibn Masood –(radi Allahu ‘anhu) – would advise his students, “If your intention is one of these three, do not seek knowledge: To shame the ignorant, or to argue with the Fuqahaa’, or to cause people to turn their faces in your direction. Intend with your actions and words that which is with Allah, for indeed that which is with Allah shall remain and everything else shall perish.

“In conclusion, Ibn Al-Qayyim – (rahimahullaah) – said, “Deeds without sincerity are like a traveler who carries in his water jug dirt. The carrying of it burdens him and it brings no benefit.”

May Allah make us all to follow those whose deeds are done in accordance with the Sunnah, deeds that are done sincerely for the sake of Allah.

Meaningful Education

Prof. Khwaja Masud

Each student is a unique bundle of potentialities. The task of the teacher is to tap and release these potentialities. The teacher must encourage the student so that he stretches himself to the maximum.

One of the most justifiable charges against our educational system is that it discourages independent thinking and suppresses originality and creativity.

The main function of education is transmission of knowledge. Insofar as education transmits the already discovered knowledge, it is a conservative force. Education becomes a revolutionary force, when in the process of transmission of knowledge; it transmutes knowledge so as to meet the challenges thrown up by an ever changing reality.

As Iqbal puts it:

The essence of the universe is creativity.

Repetitiveness does not contribute to the strengthening of life.

One of the consequences of Darwin's theory of evolution is the notion that human activity is a manifestation of the creative force inherent in life itself. The creative force of evolution seems to heave itself. forward into an inexhaustible variety of forms —— unique, unprecedented, unrepeatable and irreversible.

Life is creative because it organizes and regulates itself and because it is continuously engendering novelties. In physical evolution these novelties arise in response to genetic change and to changes in the environment.

In man there appears the power consciously to initiate novelty — the power of creative imagination. This power is expressed in man's ability to find order in a mass of particulars, to impose meaning and pattern on a multitude of things or experiences that at first sight seems unrelated.

Henry Bergson in his magnum opus 'Creative Evolution' that novelty and hence creativity are products, not simply of life, but of reality itself. Ultimately reality he says, is an evolving process, which is becoming ever more complex and which constantly gives rise to novelties that are not merely re-arrangements of past states but genuinely unprecedented. The human personality is constantly forming itself. Each experience adds something to it, so that it is ceaselessly growing and changing.

Human activity has also been seen as the expression of a universal creativity eminent in everything that exists.

According to A.N. Whitehead this creativity is rhythmic or cyclical. This creativity says Whitehead, is ceaselessly producing novelties. These novelties are of two kinds:

In one sense, any existing thing must continually renew itself in order to exist at all. If it is to maintain itself as it is, it must constantly replace its own components. Each of these components is both similar to its antecedent yet also unique because not identical to it.

Creativity then, both maintains what already exists and also produces new forms altogether.

The process of education reflects the creativity of the universe as a whole. Thus according to Whitehead, education is rhythmic, moving in cycles, each of which passes through its own stages of romance i.e. the first enthusiastic enc winter with a subject, precision in which order and system are introduced generalization in which the student having mastered the structure of his subject, can put it to a wider use.

Just as everything in nature ceaselessly creates itself so the learner is continuously realizing his nature. He has an innate craving for education precisely because education is necessary for the development of an organism as complicated as man.

Education is not something foreign to the learner but rather something that he inherently desires and the best type of education is that which responds to the divine cosmic process itself. Education is nothing if it does not inspire independent, original and hence creative thinking.

Education is the response to the challenge of the cosmic creative force. Response must equal challenge, otherwise the and hence the society must face stagnation, decay and disintegration.

Independent, original thinking and creativity manifest themselves in many ways in education. The child has an inborn passion for discovery which education should nourish. Instead of simply receiving knowledge passively from his teachers and the textbooks, he should recombine what he learns in ways of his own. If knowledge is accepted as given, it remains inert and at the same time deadens natural imagination.

The teacher must select the proper method of teaching i.e., weeding out the unessential and helping the students to concentrate on the main ideas of the subject.

Teaching should be a voyage of discovery rather than imparting of information.

The student should not be treated as an empty vessel to be filled with facts, formulae and theorems. The teacher should help him in grasping the basic structure of the subject so that the student may be able to learn by himself the latest developments in the subject. He should become a perennial student, carrying out the Holy Prophets (PBUH) command: “Seek ye knowledge from the cradle to the grave.” This is the only way to meet the ominous challenge of the explosion of knowledge, which is making the latest knowledge obsolete within a decade.

In the most profound sense to be independent and to be original is to fulfill oneself as a person. Each student is a

unique bundle of potentialities. The task of the teacher is to tap and release these potentialities. The teacher must enthuse the student so that he stretches himself to the maximum.

Self-realization means self-knowledge. It should be the prime function of education to bring the student to a knowledge of his own individually. It is here that one realizes the profundity of Hadith-e-Nabvi: “He who understands himself understands God."

Original implies that knowledge is not so much an explanation as an attempt to explain, and hence the explanation is always tentative.

The teacher is always on his guard against dogmatism. All theories are tentative. All theories are only guide to action. The moment they are turned into dogmas, they become useless. If a student is to cultivate a creative attitude towards his studies, he should keep in mind the following:

“What he knows is largely mediated through cultured categories.” It is largely through these categories that knowledge may be understood.

“To many of these categories there exist alternatives within the culture.

“To be true to himself, he should seek those categories that correspond to his own experience of life.

“He should strive to be open and flexible towards all that he learns. He will never close his mind to fresh ideas, new values, and novel dreams. He should keep in mind what Iqbal says:

A living heart is the creator of new ages and new worlds,

Through imitation his soul loses illumination.

مغفرت قریش کی دعا

غزوہ احد میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کے چار دانت شہید ہوئے تھے اور سر مبارک اور چہرہ انور زخمی ہو گیا تھا۔ یہ دیکھ کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہ عالم اضطراب میں عرض کیا "یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کاش آپ ان دشمنان دین (قریش) پر بددعا کرتے تاکہ دنیا ان کے خار وجود سے پاک ہو جاتی اور ان کی جفا کاریوں کا سلسلہ ختم ہوتا۔" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں لعنت اور بددعا کے لئے مبعوث نہیں ہوا ہوں بلکہ لوگوں کو راہ حق کی طرف بلانے کیلئے بھیجا گیا ہوں۔ آخر جب بار بار کہا گیا کہ قریش کی تعدیاں اب حد سے بڑھ گئی ہیں تو آپ نے ان کے حق میں یہ دعا کی۔ الٰہی! میری قوم کو بخش دے کہ یہ لوگ بے خبر ہیں۔جنگ اُحد میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار مبارک میں خود کے دونوں حلقے پیوست ہو گئے تھے اور حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے اپنے دانتوں سے انکو نکالا تھا جب ایک حلقے پر دانتوں کو جما کر اوپر کو کھینچا تو زیادہ زور لگانے کی وجہ سے حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کا ایک دانت ٹوٹ گیا اور جب دوسرا حلقہ نکالنے کیلئے زور لگایا تو ایک اور دانت نکل آیا۔ یہ دیکھ کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے التماس کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! دشمنوں کے حق میں بددعا کیجئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر بھی یہی دعا کی الٰہی! میری قوم کو بخش دے کہ یہ لوگ ناواقف ہیں (بیہقی فی الشعب) یعنی جو کچھ کر رہے ہیں ناواقفیت کی بنا پر کر رہے ہیں

تربیت بحالتِ مرض: بچوں کی نشوونما کا عمل یکساں شرح رفتار سے نہیں ہوتا بلکہ اس میں رکاوٹیں بھی آتی ہیں۔ جن میں سب سے زیادہ مشکل مرحلہ بیماری اور تیمارداری کے دوران ہوتا ہے۔ یہ ایسا نازک موقع ہے کہ بعض اوقات تربیت پر کی گئی برسوں کی محنت اکارت ہوجاتی ہے۔ بیماری میں بچہ چڑچڑا، زودرنج اور حساس ہوجاتا ہے۔ وہ اپنے نظام الاوقات کی پابندی نہیں کرتا۔ بیماری کے باعث اس کو بہت سی رعایتیں مل جاتی ہیں۔ پھر حالت صحت میں بھی وہ ان رعایتوں کا خواہاں ہوتا ہے۔ بیماری کے دوران پیدا ہونے والی جسمانی کمزوری جلد دور ہوجاتی ہے لیکن ذہنی، جذباتی اور سماجی نشوونما بہت متاثر ہوتی۔ اس کی اچھی عادتیں ختم ہوجاتی ہیں۔ بری عادتیں جنم لے لیتی ہیں جن میں سے ایک متمرض بن جانا ہے۔ جب بچہ دیکھتا ہے کہ عمومی زندگی میں والدین کی توجہ و پیار جس انداز سے دوران مرض ملتا ہے وہ دوران صحت حاصل نہیں ہوتا تو بچہ متمرض بن جاتا ہے۔ یہ بہت ہی خطرناک اور تباہ کن کیفیت ہے۔ اس کا تدارک بہت ضروری ہے۔

متمرض بننے کا ایک نقصان یہ ہے کہ جب انسان کسی مرض کے متعلق سوچتا ہے تو جلد یا بدیر ذہن اس مرض کو قبول کرلیتا ہے اور وہ شخص حقیقتاً اس مرض کا شکار ہوجاتا ہے۔ دوسرا نقصان یہ ہے کہ بچہ بڑوں کی ہمدردیاں سمیٹنے کی کوشش کرتا ہے وہ زندگی میں محنت، لگن اور جوش سے آگے بڑھنے کے بجائے دوسروں کی بیساکھیوں کا سہارا لینا چاہتا ہے جس سے اس میں آگے بڑھنے کی لگن ختم ہوجاتی ہے۔ اس کا سب سے بہترین حل بچے کی سوچ اور توجہ کو دوسرے امور کی جانب منتقل کرنا ہے۔ بچے کی بیماری کے دوران ماں باپ بچے کو اپنا وقت اور توجہ ضرور دیں۔ بچہ بڑوں کی توجہ چاہتا ہے۔ لیکن اپنے مشاغل وغیرہ ترک نہ کریں۔ بچے کو یہ احساس نہ دلائیں کہ اس کے بیمار رہنے سے کائنات رک گئی۔ بلکہ یہ کارخانہ قدرت اسی طرح جاری و ساری ہے۔

اگر ہم اپنے معمولات چھوڑ دیں گے تو ہم زمانے سے پیچھے رہ جائیں گے۔ یہ وقت گزر جائے گا اور پھر نہیں آئے گا۔ اس کی کمی پوری نہ کی جاسکے گی۔ اس دوران اس کے دوستوں کے بارے میں بتائیں کہ وہ محنت سے پڑھ رہے ہیں اور پڑھنے لکھنے میں اس سے آگے نکل گئے ہیں تاکہ بچہ جذبہ مسابقت کے تحت جلد اپنے پرانے نظام الاوقات پر لوٹ آئے۔ اسے مستقبل کے منصوبے بتائیں کہ ہم نے آپ کے بارے میں یہ سوچا ہے کہ آپ ڈاکٹر یا انجینئر بنیں؟ تو امید ہے کہ بچہ جلد اس صورتحال سے باہر نکل آئے گا۔ نیز احتیاط علاج سے بہتر ہے (Prevention is better than cure.)۔ اس محاورہ پر عمل کیا جانا ضروری ہے۔ جس سے بیماری کے دوران پیدا شدہ بہت سی بد عادات سے نجات مل سکتی ہے کیونکہ اس سے بچے میں نظم وضبط و برداشت کی کیفیت پیدا ہوگی۔ جب بچے پر کچھ پابندیاں عائد ہوں گی تو وہ ان سے نجات کے لئے مرض سے چھٹکارا حاصل کرنے کا خواہاں ہوگا جو اسے متمرض بننے سے روکیں گی۔ نیز بچہ کو ڈاکٹر کے پاس جانے کی دھمکی نہ دیں اس سے اس کے دل میں ڈاکٹر اور علاج سے خوف پیدا ہوجائے گا۔ اس کے دوررس مضر اثرات ہوتے ہیں۔

خلاصہ کلام: یہ دنیا دارالعمل ہے۔ یہاں مصائب و مشکلات کا زندہ دلی اور خوش دلی سے سامنا کرنا چاہئے۔ کا ور کسی بلند مقام اور عظیم مقصد کی تکمیل لئے سخت محنت و مشقت کرنا لازم ہے کیونکہ کامیابی صرف تخیل کی بلندی سے حاصل نہیں ہوتی بلکہ اس کے لئے خلوص لگن، جہد مسلسل اور عمل جاوداں کی ضرورت ہے۔ جس میں لمحے بھر کی بھی کوتاہی نہیں کی جاسکتی اور کوتاہی و سستی خود اپنی ناکامی کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ بقول اصغر گونڈوی

یہاں کوتاہی ذوق عمل ہے خود گرفتاری
جہاں بازو سمٹتے ہیں وہیں صیاد ہوتا ہے

کی طرف جاتا ہے۔ Nip the evil in the bud (برائی کو ابتداء ہی میں ختم کر دو) گر اس محاورے پر عمل نہ ہو تو بچہ بڑے بڑے جرائم کرنے لگتا ہے۔اور پیشہ ور مجرم بھی بن سکتا ہے۔ اور پھر یہ جرائم سزاؤں سے نہیں رکتے بلکہ بڑھتے ہی رہیں گے۔

ظلم بڑھنے کا ایک سبب یہ ہے جرم ڈرتا نہیں سزاؤں سے

سزا و جزا کا بر محل نفاذ تعلیم و تربیت میں مفید و معاون ہوتا ہے۔ والدین بچوں پر اپنا رعب اور وقار ضرور قائم رکھیں لیکن انہیں مستقل ڈرا کر نہ رکھیں نہ سزا دینے میں جلدی کریں اور نہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر سزا دیں۔ لیکن اعتدال کے ساتھ۔ سزا ایسی نہ ہو کہ بچہ کو شدید چوٹ آئے۔ اور سزا کا عمل مستقل اور بار بار نہ ہو۔ کسی نقصان یا ذاتی اور وقتی غصہ کی وجہ سے ہرگز نہ سزا دیں۔ اسی طرح اگر بچے عادی مجرم نہ ہوں لیکن ان سے نادانستہ کوئی غلط کام ہو جائے تو اسے نظر انداز کریں اور پیار سے سمجھائیں۔ دوسروں کے سامنے اس کے عیوب کا تذکرہ نہ کریں۔ بچے کے سامنے اس تاثر کو قائم کرنے کی کوشش کریں کہ یہ غلط کام ہے اور اگر لوگوں کو علم میں یہ بات آئی تو اس سے وہ لوگوں کی نظروں سے گر جائے گا۔ بے جا مار پیٹ اور غلطیوں کی تشہیر اور اعلانیہ باز پرس کے رد عمل کے نتیجے میں بچہ میں بے باکی آجاتی ہے،،بچہ ڈھیٹ و بے شرم ہو جاتا ہے،من یھن یسھل الھوان علیہ "عزت آنے جانے والی چیز ہے انسان کو ڈھیٹ ہونا چاہئے" پر عمل پیرا ہو جاتا ہے اور پھر ڈانٹ اور مار کا اس کی شخصیت پر مثبت کے بجائے منفی اثر ہو گا۔ وہ سختی کے باوجود بھی ان سے باز نہیں آتا اور ویسے بھی زیادتی کسی بھی چیز کی نقصان دہ ہوتی ہے۔ .Excess of everything is bad۔ بچہ کی عزت نفس کا خیال رکھنا چاہئے۔ بعض اوقات وہ احساس جرم کا شکار ہو کر خود اعتمادی کھو بیٹھتا ہے جو بہت ہی نقصان دہ صورت ہے۔

احساس جرم ہو گا نہ تذلیل کیجئے قلب خود اعتماد نہ تبدیل کیجئے

بچے کو واضح طور پر معلوم ہو کہ کس غلط کام کی اسے سزا ملی ہے۔اس لئے یہ ضروری ہے کہ سزا کے بعد یا اس سے قبل بچے کو سمجھایا بھی جائے کہ سزا کسی دشمنی کی وجہ سے نہیں بلکہ رویوں میں بہتری کے لئے ہے۔ کیونکہ یہ انسان کی فطرت ہے کہ جس معاملہ کے اسباب و پس منظر اس کے ذہن میں نہ ہو وہ اس پر خاموش نہیں رہ سکتا۔ ایسا کرنا بغاوت یا سرکشی نہیں بلکہ یہ فطری امر ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کے درمیان مکالمہ سے ثابت ہوتا ہے۔قَالَ اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا وَکَیْفَ تَصْبِرُ عَلٰی مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا۔ "اس بندے نے کہا (اے موسیٰ) آپ میرے ساتھ صبر کرنے کی طاقت نہیں رکھتے اور آپ صبر کر بھی کیسے سکتے ہیں اس بات پر جس کی آپ کو پوری طرح خبر نہیں"۔

یہاں اسی اہم فطری اور نفسیاتی تقاضہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

لڑائی جھگڑا: بچوں میں لڑائی جھگڑا کا ہونا غیر معمولی بات نہیں۔ بڑوں کو اس میں مداخلت نہیں کرنی چاہئے حتی الامکان اسے نظر انداز کرنا چاہئے ۔ اگر وہ خود والدین تک معاملہ لائیں تو حکمت و دانائی اور انصاف سے فیصلہ کریں۔ کسی ایک فریق کی بے جا حمایت نہ کی جائے ورنہ وہ فریق بار بار لڑائی جھگڑا کا سبب بنے گا اور پھر جھوٹ کا سہارا لے کر آپ کی ہمدردیاں سمیٹے گا۔ یہ بات لڑائی سے زیادہ خطرناک ہو گی۔

منصفانہ رویہ: بچوں میں باہم انصاف کیا جائے۔ اپنا ہو یا غیر سب کے ساتھ انصاف کا رویہ اپنایا جائے یعنی حق بحق دار رسید۔ انصاف نہ کرنے سے بہت سے معاشرتی مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ ایک سے زیادہ بچوں کی صورت میں طرز عمل ایسا نہ ہو کہ ان کے دل میں ضد بغض و عناد پیدا ہو بلکہ آپس میں محبت، الفت، ایثار و قربانی کا جذبہ پیدا ہو۔

اور موزوں تفریح کے اسباب وذرائع کا اہتمام والدین کی ذمہ داری ہے۔ والدین کو چاہئے کہ وہ بچوں کو صحت مند تفریح اور کھیلوں کی طرف راغب کریں تفریح در حقیقت فرحتِ دل کی کیفیت ہے یہ ذہنی کیفیت ہے اگر بچوں کا مزاج ایسا بنادیا جائے کہ وہ بامقصد تفریح یعنی ورزش، جسمانی کھیل کود اور کتب بینی سے فرحت حاصل کریں تو ہم خرما و ہم ثواب والی مثل اس پر صادق آئے گی۔ اس لئے والدین پر لازم ہے، کہ بامقصد، جسمانی مشقت والے کھیل کود کی بچوں کو ترغیب دلائیں۔ جس طرح حدیث مبارکہ میں آیا ہے:"اپنے بچوں کو تیراکی، تیر اندازی اور گھڑ سواری سکھاؤ اور انھیں قرآن مجید کی صحیح تلاوت کرنا سکھاؤ"۔ تیراکی، تیر اندازی اور گھڑ سواری اس وقت کے کھیل تھے۔ ان تمام کھیلوں میں ورزش یا جسمانی مشقت پائی جاتی ہے جو صحت کے لئے بہت ضروری ہے۔ ورزشی کھیلوں ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ کچھ دیر کھیل کر بچے تھک جائیں گے۔ اور یہ جسمانی طاقتوں میں اضافہ کا سبب بنیں گے اور ان کے بعد وہ تازہ دم ہو کر پڑھ سکیں گے۔ نیز کھیل سے، پڑھائی کے دوران وقفہ آنے کی وجہ سے ذہن مستقل دباؤ اور بوجھ سے، آزاد ہو گا۔ کیونکہ انسانی ذہن مشین کی طرح یکسانیت سے کام نہیں کر سکتا بلکہ اسے تنوع کی ضرورت ہے۔ یہ تنوع ہی ذہنی آرام کا دوسرا نام ہے جو بہت اہم ہے، یہ قوت حافظہ و یادداشت کو بہتر بناتا ہے۔ اس کے برعکس اگر وہ بیٹھے بیٹھے کارٹون اور وڈیو گیم میں مصروف رہیں گے تو پورا دن گزرنے کے باوجود ان کا نہ دل بھرے گا نہ ہی ان کو حقیقی فرحت وخوشی نصیب ہو گی۔ اگر دل میں خوشی و فرحت کا احساس نہ ہو تو پھر باغ و بہار گھومنے سے بھی تفریح حاصل نہیں ہوتی۔

چمن میں بھی ہو آئے صحرا میں بھی   کہیں بھی نہ تفریح حاصل ہوئی

جدید ٹیکنالوجی کا محتاط استعمال: ٹیلیوژن و کمپیوٹر کا استعمال بڑوں کی نگرانی میں کیا جائے تاکہ ان کا غلط استعمال نہ ہو جہاں انٹرنیٹ معلومات کا خزانہ ہے وہیں خرافات کا ایک سیلاب بھی اس کے اندر موجود ہے۔۔ خاص طور پر لڑکپن (Teen Age) میں اولاد کی نگرانی کی جائے اور انٹرنیٹ کے استعمال کی صورت میں والدین کی خصوصی توجہ درکار ہو گی۔ مزید یہ کہ وڈیو گیم، ٹیلیوژن دیکھنا ایک طرح سے ذہنی کام کے مشابہ عمل ہے اس میں بھی کتاب کی طرح نظریں ایک جگہ مرکوز ہوتی ہیں، سماعت و بصارت پر ثقل کا احساس ہوتا ہے جس کی وجہ سے اس کے بعد بچہ صحیح پڑھائی بھی نہ کر سکے گا۔ رہا موبائل کا استعمال تو یہ بچوں کی ضرورت نہیں ہے ان کو اس کے استعمال سے منع کیا جائے جب کہ ہوتا اس کے برعکس ہے کہ بچوں کے ہاتھ میں موبائل اور کانوں میں ہینڈ فری لگی نظر آتی ہے جس سے ان کی سماعت، بصارت اور ذہنی قوتوں کو شدید نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ اس سے بچنا نہایت ضروری ہے۔ بہر کیف اعتدال اور احتیاط کے ساتھ ٹیکنالوجی کا استعمال کارآمد اور فائدہ مند ہے۔

مصلحت کا ہے تقاضا احتیاط   دل یہ کہتا ہے کہ دیکھا کیجئے

فلسفہ سزا (Philosophy of punishment): سزا کے سلسلے میں اگر حضور ﷺ کا اسوہ حسنہ دیکھا جائے تو حضرت انس رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں دس برس رہے لیکن آپ ﷺ نے انہیں نہ صرف یہ کہ کبھی سزا نہیں دی بلکہ جھڑکا تک نہیں لیکن پھر بھی اگر کبھی سختی کی ضرورت پیش آئے تو حدیث کی رو سے دس سال کے بعد سختی کی جا سکتی ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ جس طرح بیماری میں علاج کے لئے کڑوی گولی نگلنی پڑتی ہے اسی طرح بعض اوقات سختی کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔ اگر غلطیوں کو بالکل نظر انداز کر دیا جائے اور کچھ نہ کہا جائے تو کل بڑی غلطی کا ارتکاب ہو گا جو بعض اوقات ایسی بھی ہو سکتی ہے کہ شاید توبہ کرنے پچھتانے سے بھی کچھ فائدہ نہ ہو۔ انسان کی فطرت ہے وہ بتدریج چھوٹی برائی سے بڑی برائی

برائی کے تصور اور تخیل میں بھی انتہائی درجہ تک سوچتا ہے۔ لیکن بچوں کو بتدریج حقیقت آشنا کیا جائے اور ہر چیز کا صحیح و حقیقی رخ دکھایا جائے اور یہ باور کرانے کی کوشش کی جائے کہ غلطی ہر انسان سے ہو سکتی ہے۔ کوئی شخص معصوم نہیں ہے۔ یعنی اس کے والدین سے بھی خطا ہو سکتی ہے اچھے انسان کی خوبی یہ ہے کہ اپنی غلطی کا اعتراف کر لے تو اس سے تائب ہو جائے۔ گرے ہوئے دودھ پر آنسو بہانے، رونے سے بہتر یہ ہے کہ آئندہ اس غلطی کا تدارک کر لیا جائے۔

آزادی اظہار: بچے والدین سے آزادانہ تبادلہ خیال کر سکیں۔ بالخصوص اگر وہ گھر سے باہر کی بات کریں تو انہیں نظر انداز نہ کریں۔ توجہ سے ان کی سنیں، اگر کوئی تنگ کر رہا ہے تو اسباب جاننے کی کوشش کریں کہیں ایسا نہ ہو کہ مجرمانہ ذہنیت رکھنے والے اور جرائم پیشہ افراد بچوں کو اپنا آلہ کار بنانے کی کوشش کریں، کوئی فرد حسد اور رقابت کی وجہ سے بچوں کی تعلیم و تربیت پر منفی طور پر اثر انداز ہونے کی کوشش کرے، کوئی اسے بلیک میل کر کے اس کی شخصیت کو تباہ کر دے اور اسے اپنے مذموم مقاصد کے لئے استعمال کرے، بچہ کسی شخص کے خوف کی بناء پر کچھ ایسا کام کر لے جس کی تلافی ناممکن ہو۔ اس پر ڈر خوف نہ ہو کہ اگر میں گھر میں ذکر کروں گا تو گھر والے سزا دیں گے بلکہ وہ آزادی سے اپنے معاملات والدین کو بتا سکے۔ ورنہ ان حالات سے دوچار ہونے کے بعد بچہ کی جسمانی، ذہنی، جذباتی اور سماجی نمو کا عمل سست ہو جاتا ہے۔ اور وہ دل میں یہ حسرت لئے پھرتا ہے کہ دل میں سینکڑوں باتیں ہیں لیکن کوئی میری سننے والا ہی نہیں۔

سیکڑوں حرف ہیں گرہ دل میں پر کہاں پائے لبِ اظہار

تجسس: تجسس (Curiosity) کا مادہ ہر انسان میں ہوتا ہے۔ بچوں میں تجسس کا مادہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ بچہ ہر واقعہ اور شے کی جزئیات سے واقف ہونا چاہتا ہے۔ اس میں جاننے کی خواہش بدرجہ اتم موجود ہے اور وہ ہمہ وقت کسی نہ کسی جستجو میں رہتا ہے۔ یہی وہ مادہ ہے جو آگے بڑھنے اور ترقی کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس کا مفید اور مثبت استعمال ہونا چاہئے۔ بچہ کو سوال کرنے پر کبھی نہ تو جھڑکا جائے نہ ہی سوال کرنے سے منع کیا جائے۔ اس کے سوالات کا جواب تشفی بخش طریقے سے دیا جائے اور اگر کچھ امور بچے سے پوشیدہ بھی رکھنا چاہتے ہیں تو ایسا کرتے ہوئے بچہ کو یہ محسوس نہ ہونے دیا جائے کہ اس سے کچھ چھپایا جا رہا ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ اسے سب کچھ بتا دیا جائے لیکن حکمت و دانائی کا مظاہرہ کیا جائے۔ اور اس کے سوالات کا رخ کسی اور جانب پھیر دیا جائے۔ یہ ذہن میں رہے کہ صحیح سوال کرنا علم کی کنجی اور نصف علم ہے۔ مشہور فلسفی فرانسس بیکن (Francis Bacon 1627) کے نزدیک جو جو زیادہ پوچھتا ہے وہ زیادہ سیکھتا ہے اور زیادہ تسکین پاتا ہے۔ اس کا مثبت استعمال بہت مفید اور علم کی ترقی میں کار آمد ہے۔

عملی میدان کا انتخاب: بچہ کی نفسیات سے آگاہی حاصل کرنا نہایت ضروری ہے۔ والدین بچوں کی صلاحیتوں، دلچسپیوں کو مد نظر رکھ کر ان کے لئے تعلیم و تعلم کا انتظام کیا جانا چاہئے۔ ہمارے ملک میں بھیڑ چال ہے دوسروں کی دیکھا دیکھی ہم اپنے بچوں کے مستقبل کا فیصلہ کرتے ہیں۔ مثلاً کمپیوٹر کا دور شروع ہوا تو ہر ایک بچوں کو کمپیوٹر کی فیلڈ میں داخل کرنے کا خواہشمند نظر آنے لگا۔ یہ انتہائی غلط فکر و روش ہے، بچوں کی خواہش، دلچسپی اور انفرادی اختلافات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اگر عملی میدان کا انتخاب کیا جائے گا بچہ اس میں شوق، جذبے، لگن اور محنت سے کامیابی حاصل کرے گا بصورت دیگرہ والدین کے دباؤ کے تحت وہ وقت تو گزار دیں گے لیکن اس شعبہ میں کوئی نمایاں مقام حاصل نہیں کر سکیں گے۔

فلسفہ تفریح: سیر و تفریح بچوں کا حق ہے اور ان کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ بچوں کے لئے صحت مندانہ

کاکا کہنا ہو یا کسی برے کام سے منع کرنا ہو تو اس کو ترغیب و تحریص دلائیں فوراً حکم صادر نہ کریں۔ بعض اوقات غلط کام کا عمداً کہنے سے بچہ اس کام سے باز آجاتا ہے۔ مثلاً بچہ نے کوئی شرارت کی تو اسے کہے اب پھر کرلو! اس سے بچہ کے حافظہ میں اس کام سے نفور پیدا ہو جاتا ہے۔

اگر بچہ کبھی بغاوت پر آمادہ ہو تو وقتی طور پر نظر انداز کردیں اور کچھ وقت گزرنے کے بعد ماحول اور حالات دیکھتے ہوئے مصلحت اور حکمت سے اسے سمجھائیں۔ لیکن مستقل ضد، انا اور رونے کی وجہ سے اس کی کوئی خواہش پوری نہ کی جائے۔ اگر والدین نے کوئی حتمی فیصلہ کرلیا یا بچہ کوئی حکم دیا تو اس کی تعمیل کروائیں تاکہ بچہ کے ذہن میں یہ بات بیٹھ جائے کہ اگر وہ اپنا مؤقف دلیل سے نہ سمجھا سکا تو ضد، ہٹ دھرمی اور رونا فائدہ مند نہ ہوگا۔ مزید برآں وہ جان جائے کہ والدین جو فیصلہ کرلیں اس پر عمل ضرور کرواتے ہیں اس سے ان کی بات میں وزن پیدا ہوگا اور رعب اور وقار قائم رہے گا۔

عمدہ کام کی تحسین: بچوں میں کوئی اچھی عادت دیکھیں یا بچہ کوئی اچھا کام کرے تو اس کی اچھائی کا اظہار ضرور کریں۔ دوسروں کے سامنے اظہار کرنے سے اس کی وہ عادت مزید پختہ ہوجائیگی اور اس کی فطرت ثانیہ بن جائے گی۔ دیگر بچوں کو تحریص و ترغیب ہوگی۔ تعریف کرنے کے نتیجے میں بچہ دوسرے افراد میں بھی اچھائیوں کا اعتراف اوران کی تعریف کرنے والا بن جائے گا۔

تعریف میں جو ان کی کریں آپ گفتگو
اوروں کی خوبیوں کی انہیں ہوگی جستجو

عملی تبلیغ: والدین بچوں کے سامنے اپنا اچھا کردار پیش کریں۔۔ بچے بڑوں کی نقل کرتے ہیں۔ اس لئے اگر والدین چاہتے ہیں کہ بچوں میں اچھی عادات پیدا ہوجائیں تو پہلے خود اچھی عادات اور عملی کردار کا مظاہرہ کریں۔ حضرت ثعبان ثوری کا قول ہے:"مبارک ہیں وہ لوگ جن کے پاس نصیحت کرنے کے لئے الفاظ نہیں اعمال ہوتے ہیں"۔

گھر میں اچھی عادات کا ماحول بنائیں۔ مثلاً آدابِ سلام، طعام و کلام وغیرہ۔ سنت نماز گھر میں پڑھنے کی بنیادی وجہ بچوں کو نماز کی ترغیب و تحریص ہے۔ گھر میں والدین مہذب اور پیار و محبت کا رویہ اپنائیں اور بری عادات سے پرہیز کریں۔ خود بری عادات اپنا کر بچوں سے اچھی عادات کی توقع رکھنا حماقت کے سوا کچھ نہیں۔ خود کبھی جھوٹ نہ بولیں، اسی طرح اگر والدین چاہتے ہیں بچہ تعلیم میں دلچسپی لے تو ان کو جبراً پڑھنے لکھنے کے لئے نہ بٹھایا جائے۔ جبر کی صورت میں بچوں میں ایک بری عادت پڑجاتی ہے کہ وہ کتابیں لے کر بیٹھے رہتے ہیں اسے اور توجہ سے نہیں پڑھتے ہیں۔ اس سے بچوں میں غیر حاضر دماغی اور ذہنی فرار کی بدعادت پڑتی ہیں۔ جو بہت نقصان دہ ہے۔ بچے جو بھی کام کریں توجہ اور دلچسپی سے کریں۔ اس کے لئے خود ان کے سامنے کتابیں کھولیں اور خود بھی مطالعہ کریں۔ پھر مطالعہ کی تلقین کریں اور بچے کو بتائیں جو شخص اچھی کتابیں پڑھنے کا شوق نہیں رکھتا وہ معراج انسانی سے گرا ہوا ہے اور کتابیں انسان کی بہترین دوست، مونس اور بہترین سرمایہ ہے۔ یہی بہترین نفسیاتی (Psychological) و عملی (Practical) تبلیغ ہے۔ اور کردار کی زبان اور اس صدا کی بازگشت زیادہ موثر اور ہر طرف سنائی دیتی ہے۔

آدمی نہیں سنتا آدمی کی باتوں کو
پیکرِ عمل بن کر غیب کی صدا ہو جا

حقیقت آشنائی: تصور ہمارے ادراکی تجربات کا نتیجہ ہے۔ جو ہم کسی شے یا فرد سے وابستہ کرلیتے ہیں۔ تصور حقیقت سے زیادہ خوش کن یا خوفناک ہوتا ہے۔۔ بچوں میں یہ اور زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ ابتدائی دور میں بچے کے تصورات کو سمجھنا مشکل ہوتا ہے۔ وہ انتہائی سوچ رکھتا ہے اور دو انتہاؤں پر سوچتا ہے۔ بچے کا تصور شدید ہوتا ہے۔ وہ اچھائی و

روکے گا۔ لیکن بے جاڈر اور خوف کا تدارک ہونا چاہئے اور کسی حد تک اسے بچے کی زندگی سے نکال دینا چاہئے۔ بالخصوص بچپن کے ڈر اور خوف کے نقوش تاحیات انسان کا پیچھا نہیں چھوڑتے۔ اور اس کی شخصیت کی تعمیر رک جاتی ہے۔ خوف اور ڈر منفی جذبات ہیں کیونکہ یہ انسانی جسم کے لئے نقصان دہ ہیں بحالت خوف جسم اور اندرونی اعضاء صحیح طور پر کام نہیں کرتے۔ حالتِ خوف کی طوالت کی صورت میں مختلف پیچیدہ امراض میں مبتلاء ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ بہر صورت اعتدال ہی کی راہ اپنانی چاہئے افراط و تفریط دونوں نقصان کا باعث ہیں۔

نہ تفریط بہتر نہ افراط اچھی توسط کے درجہ میں ہر بات اچھی

جمالیاتی (aesthetical) ذوق : بچوں کی اس انداز سے رہنمائی کی جائے کہ ان کے اندر حسن و ترتیب و تنظیم پروان چڑھے جس سے ان میں جمالیاتی ذوق اور نفاست طبع پیدا ہو گی۔ ان کے اندر اشیاء کو صحیح مقام پر رکھنے کی خاصیت پیدا ہو گی۔

حسن ہر شے پہ توجہ کی نظر کا ہے نام
بارہا کانٹوں کی رعنائی نے چونکایا مجھ کو

محبت و شفقت : بچے کلی اور پھول کی مانند نرم و نازک ہوتے ہیں۔ ان سے نرمی، محبت اور شفقت کا رویہ اپنائیں کیونکہ محبت فاتح عالم ہے۔ پیار و محبت ان کا حق ہے اور اس کے ذریعے ان کے قلوب فتح کئے جائیں۔

؎ کم نہیں ملک کی تسخیر سے تسخیر قلوب

آزادانہ فیصلے کرنے دیں : آزادی ایک نفسیاتی تقاضہ ہے۔ انسان بچپن ہی سے آزادی کا خواہاں ہوتا ہے اور اپنے کاموں میں بڑوں کی مداخلت ناپسند کرتا ہے۔ اس کی خواہش ہوتی ہے کہ گھر کے افراد اس کی انفرادیت، شخصیت اور آزادی کو تسلیم کریں۔ والدین بچوں پر ہر وقت احکام نافذ نہ کریں۔ ان کے سامنے متبادل (Alternate Options) رکھیں۔ جن امور میں بچے کی شخصیت کو نقصان پہنچنے کا امکان نہ ہو ان امور کو بچے کی مرضی پر چھوڑ دیں تاکہ انہیں بہتر چیز کا انتخاب کرنا آئے۔ اس عمل سے بچے کی ذہنی نشوونما میں اضافہ ہو گا۔ بچوں سے دریافت کریں کہ کن وجوہات کی بناء پر اس نے رد کیا یا ترجیح دی۔ بچوں سے خود مشورہ بھی لیں ان کی رائے کو اہمیت دیں۔ ایسا کرنے سے ان کے قوت استدلال اور زور بیان میں اضافہ ہو گا۔ ان میں اعتماد کے ساتھ بروقت فیصلہ سازی کی صلاحیت پیدا ہو گی اور وہ آپ کی غیر موجودگی میں بھی بروقت فیصلہ کرنے کے قابل ہو گا۔ بروقت اور صحیح فیصلہ کرنا کامیاب زندگی کی ضمانت ہے۔

یہ بات ذہن نشین رہے کہ آزادی ملنے پر بچوں میں دو مختلف قسم کے رویوں کا اظہار پایا جاتا ہے۔ ایک جو آزادی ملنے پر اس کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اپنے معاملات اور فرائض سے غفلت اور لاپرواہی برتتے ہیں اور اس کے برعکس دوسری قسم کا رویہ مزید ذمہ داری اور کام میں دلچسپی کا ہوتا ہے۔ آزادی سے ان کے کام میں مزید نکھار پیدا ہو جاتا ہے۔ ان دونوں قسم کے رویوں کے حامل بچوں کو مختلف انداز سے معاملہ (Deal) کیا جانا چاہئے۔

امر بالمعروف و نہی عن المنکر : بچوں کی اصلاح احوال کو نظر انداز نہ کرنا چاہئے۔ غلط کاموں پر بے جا حمایت نہ کی جائے ورنہ یہ محبت مزید بگاڑ کا باعث بنے گی۔ ماضی میں ماں باپ اولاد کی تربیت کرنے والوں کا شکریہ ادا کرتے تھے کہ والدین کی ذمہ داری یعنی اچھی تربیت کرنا ہے اور وہ اس میں ان کے ساتھ تعاون کر رہا ہے۔ لیکن آج اس کے برعکس ہے کہ غلط کاموں پر نہ خود روکتے ہیں اور نہ دوسروں کو منع کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ اس ہی شخص سے لڑتے اور اسے برا بھلا کہتے ہیں۔ خواہ وہ استاد ہو یا گھر کا کوئی بڑا فرد۔ بہر کیف اس کا نقصان اور خمیازہ پھر بچوں کی تربیت میں کمی کی صورت میں سامنے آتا ہے۔

بچوں کو حکمت سے اچھائی کا حکم دیں اور برائی سے منع کریں۔ اچھے کام

اصلاح کے لئے ان کے سامنے شائستہ اور اچھی گفتگو کی جائے، اچھے الفاظ منتخب کئے جائیں۔ بچہ کا ماحول صاف ستھرا، پاکیزہ اور اچھا ہو۔ عرب اس حقیقت کو سمجھتے تھے کہ زبان کی فصاحت کے لئے ساز گار ماحول درکار ہوتا ہے اسی لئے وہ فصاحت لسان کے لئے بچوں کو قبائلی اور دیہی علاقوں میں بھیجا کرتے تھے۔ اگر بچوں کو دوسری زبانوں کی تعلیم دینی ہو تو اس کے لئے بھی ساز گار ماحول بنایا جائے۔ تاکہ دیگر زبانوں کا حصول سہل ہو جائے گا۔ ویسے بھی زبان کی تدریس کے لئے Direct Method زیادہ موثر اور کارگر ہوتا ہے۔

بچوں کو بات چیت اور کلام کے موقع محل سے بھی آگاہ کیا جائے کہ کب، کیسے، کہاں اور کیا بات کرنی ہے اور کس وقت خاموشی بہتر ہے۔ خاموشی کی تلقین بھی ایک اہم اور بنیادی نکتہ ہے۔ اور زباں وزیاں میں اسی ایک نکتہ کا فرق ہے جسے عام طور پر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔

زباں اپنی حد میں ہے بیشک زباں   بڑھے ایک نکتہ تو یہ ہے زیاں

جذباتی نشوونما: بچوں کی جذباتی نشوونما بتدریج ہوتی ہے۔ ابتداء میں بچے براہ راست جذبات کا اظہار کرتے ہیں اور یہ کوئی معیوب بات نہیں۔ اس سادگی وبرجستگی میں بھی حسن ہوتا ہے۔ اسی مخصوص بھولپن، معصومیت اور شرارتوں کی وجہ سے وہ مرکز نگاہ ہوتا ہے۔ ان کے بغیر وہ بچہ نہیں بلکہ ایک کم عمر بزرگ بن جائے گا۔ بچوں کو بچہ رہنا دیں۔ والدین کے مزاج کی سختی، غصہ، شدت وتندی بچپن میں پچپن سال کا نہ بنا دیں ایسا نہ ہو کہ ان کی شخصیت ہی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جائے۔

ایک بزرگ نے اپنے مرید سے بچوں کو ساتھ لانے کا کہا۔ وہ شخص اپنے بچوں کو بہت سمجھا بجھا کر شیخ کی خدمت میں لے گیا۔ بچے شیخ کی خدمت میں سر جھکا کر ایک جانب بیٹھ گئے۔ کچھ دیر بعد حضرت نے کہا کہ میں نے تم سے بچوں کو لانے کا کہا تھا۔ شیخ نے کہا حضرت یہاں بیٹھے ہیں۔ بزرگ نے فرمایا کہ یہ بچے نہیں یہ تو بزرگ ہیں بچے تو وہ ہوتے ہیں جو کچھ شرارتیں کریں کندھوں پر چڑھیں، شوروغل کریں وغیرہ وغیرہ۔

اس دور میں یہ سب سے بڑا ظلم ہوا ہے
بچوں میں وہ پہلی سی شرارت نہیں ملتی

اس لئے ضروری ہے کہ ان کا قدرتی حسن (بھولپن اور شرارتیں) ان سے نہ چھینی جائیں بلکہ بتدریج ان کی تربیت کی جائے اور ان کی رہنمائی کی جائے کہ ہمہ وقت اپنے جذبات (خوشی، غمی، ہنسنا رونا، خوف، غصہ، جارحیت) کا براہ راست اظہار نہیں کیا جاسکتا۔ موقع و محل کی مناسبت سے کبھی ان کا اظہار کیا جانا چاہئے اور کبھی اظہار سے رک جانا چاہئے۔

بچوں سے جارحیت (Aggression) کا مکمل خاتمہ ایک ناپسندیدہ اور غیر صحت مندانہ عمل ہے کیونکہ زندگی میں بہت سے ایسے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے جہاں ایگریشن کا ہونا ضروری ہے۔ لیکن اس کی زیادتی نقصان دہ ہے۔ اس لئے راہ اعتدال اپناتے ہوئے اس کو مفید انداز سے استعمال کرنا چاہئے۔ اور زیادتی کی صورت میں والدین صبر و تحمل اور محبت سے ایگریشن میں اعتدال لائیں۔ حدیث مبارکہ میں جو لاتغضب۔ کے الفاظ آئے ہیں اس کے یہ معانی ہرگز نہیں کہ غصہ آنا ہی نہیں چاہئے بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ غصہ کی حالت میں کوئی کام نہیں کرنا چاہئے کیونکہ اس وقت عقل پر پردہ پڑا ہوتا ہے۔

رہا خوف تو یہ ایک فطری جذبہ ہے۔ انسانی زندگی میں تین بنیادی خوف پائے جاتے ہیں۔ اچانک زوردار دھماکہ ہونا، بلندی سے گرنا اور سہارا کا چھوٹ جانا۔ بنیادی طور پر ان تینوں قسموں میں عدم تحفظ کا احساس پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ جتنے خوف ہیں وہ بچہ دوسروں کی باتوں، عملی تجربات اور کہانیوں اور افسانوں سے سیکھتا ہے۔

خوف اللہ رب العزت نے بڑے خطرات سے بچنے کے لئے پیدا کیا۔ مثلاً اگر بچہ بلا خوف وخطر بے احتیاطی سے پر ہجوم شاہراہ عبور کرے گا وہ کسی بڑے حادثہ کا شکار ہو سکتا ہے۔ حادثہ کا خوف بچے کو ایسا کرنے سے

تعلیم وتربیت کے نفسیاتی پہلو (Psychological Aspects)

ابوعبدالقدوس محمد یحیٰی لیکچرر: علیمیہ اسلامک ڈگری کالج

موجودہ سائنس، ٹیکنالوجی اور جدید ذرائع ابلاغ کے دور میں جہاں زندگی میں بہت سی آسانیاں فراہم ہوئیں ہیں وہیں آج والدین کے لئے فرائض کی ادائیگی بھی مشکل ہوگئی ہے۔بچوں کی تربیت بہت ہی صبر آزما، طویل المیعاد اور کل وقتی کام ہے جو مہینوں نہیں بلکہ برسوں پر محیط ایک جہد مسلسل کا نام ہے۔یہ والدین سے ہمہ وقت تحمل، بردباری اور برداشت کے ساتھ وقت کا تقاضہ کرتا ہے کہ والدین اپنی گوناگوں مصروفیات سے وقت نکال کر بچوں کے ساتھ گزاریں کیونکہ اگر بچوں سے تعلق وربط قائم ہوجائے گا تو تربیت کا عمل آسان اور موثر ہوجائے گا۔ بچہ موم (Plastic) کی طرح ہے اس کو جیسا ڈھالیں گے ویسا ہی نقش بن جائے گا اور بچپن کے نقوش گہرے اور دیرپا ہوتے ہیں۔یہ ایسے انمٹ نقوش ہوتے ہیں جو بڑھاپے تک انسان کا پیچھا نہیں چھوڑتے۔ لہذا کوشش کی جائے کہ ابتداء ہی سے بچوں کی تعلیم وتربیت صحیح خطوط پر استوار ہوجائے۔بعد از خرابی بسیار خواہ کسی کو بھی الزام دیا جائے یہ لاحاصل بحث ہوگی۔وہ وقت واپس نہیں آئے گا اور کف افسوس ملنے کے سوا کوئی چارہ نہ ہوگا۔

ایسا نہ ہو کہ درد بنے درد لازوال
ایسا نہ ہو کہ تم بھی مداوا نہ کرسکو

بہرحال بچوں کی برائیوں کی ذمہ داری والدین پر بھی عائد ہوگی۔ والدین کو دیانتداری سے اپنے رویہ پر غور کرنا چاہئے۔بچہ جو کچھ بنتا ہے اس میں وراثت سے زیادہ اس کے ماحول اور والدین کی تربیت کا دخل ہوتا ہے۔ ذیل میں بچوں کی نفسیات کو مدنظر رکھتے ہوئے چند مفید گزارشات پیش خدمت ہیں۔

جسمانی نشوونما: بچہ کی ذھنی نشوونما اور تعلیم وتربیت کے ساتھ اس کی جسمانی صحت کا اچھی طرح خیال رکھا جائے کیونکہ Sound mind is in sound body. صحتمند دماغ صحتمند جسم میں ہوتا ہے۔ اس سے غفلت برتنے کے نتیجے میں بچے بیماریوں کا شکار بھی ہوسکتے ہیں۔ایک بزرگ کا قول ہے کہ تندرستی سب سے بہتر لباس ہے اور جہالت سب سے دردناک مرض ہے۔بقول رالف ایمرسن (Ralph Waldo Emerson 1882): "سب سے بڑی دولت صحت مند جسم ہے۔"

نہیں صحت کے برابر کوئی نعمت ہرگز
ہو نہ صحت تو میسر نہ ہو راحت ہرگز

مشقت کا عادی بنانا: بچوں کو محنت ومشقت کا عادی بنایا جائے۔ان کے اذہان میں یہ بات راسخ کرائی جائے کہ حرکت میں برکت ہے۔ مسلسل حرکت ہی کا نام زندگی ہے۔پانی جب تک بہتا رہتا ہے صحیح وتروتازہ رہتا ہے ورنہ اس میں بدبو پیدا ہوجاتی ہے۔

ع جاوداں پیہم رواں ہر دم جواں ہے زندگی

کاہلی سے بچاؤ: سستی ایک عالمگیر بیماری ہے۔جو صحت کے لئے سم قاتل ہے۔ سستی کا شکار افراد ناتوانی کا شکار رہتے ہیں اور آئے دن گوناگوں بیماریوں میں مبتلا رہتے ہیں۔اس طرح وہ اپنی صحت سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں اور کبھی تندرست وتوانا نہیں ہوتے۔

سست لڑکے نہیں ہوتے ہیں توانا ہرگز
اپنی صحت کو نہ سستی میں گنوانا ہرگز

زبان کی نشوونما: بچپن میں جیسی گفتگو اور آداب بچوں کو سکھائے جائیں گے وہ تمام عمر اس ہی روش پر چلتے ہیں گے۔بچوں کی زبان کی